

حیسکو پریس ریلیز 21.08.2026


بجلی چور ہمارا دشمن ہے، ہماری تمام تر توجہ بجلی چوروں کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب حسین آباد، چمبڑ، سٹیزن کالونی، الیاس آباد، ٹنڈو آدم-2، اوڈیرو لال اوڈگری سب ڈویزن میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 179 غیر قانونی کنکشن منقطع کئے، 3 میٹر پی وی سی قبضے میں لے لی گئی، 1040 غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد 18 لاکھ زائد کے وصولی کی گئی۔ حیسکو ترجمان۔


19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 68490 غیر قانونی کنکشن منقطع کئے جا چکے ہیں جبکہ 1050 ملزمان گرفتار کیا گیا، 3096 عدالتی الیکٹر میٹر منقطع کئے گئے، 381237 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 866 ٹرانسفارمرز منقطع کئے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 1 ارب 42 کروڑ 54 لاکھ 70 ہزار سے زائد ریکوری کیے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں، بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکو سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویزن حسین آباد، چمبڑ، سٹیزن کالونی، الیاس آباد، ٹنڈو آدم (ٹو)، اوڈیرو لال اور ڈگری کے سب ڈویزن میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 179 غیر قانونی کنکشن منقطع کئے، 3 میٹر پی وی سی قبضے میں لے لی گئی، 1040 غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد 18 لاکھ زائد کے وصولی کی گئی، اسی طرح حیسکو آپریشن سرکل حیدرآباد میں 19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 68490 غیر قانونی کنکشن منقطع کئے جا چکے ہیں جبکہ 1050 ملزمان گرفتار کیا گیا، 3096 عدالتی الیکٹر میٹر منقطع کئے گئے، 381237 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 866 ٹرانسفارمرز منقطع کئے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 1 ارب 42 کروڑ 54 لاکھ 70 ہزار سے زائد ریکوری کیے گئے ہیں، تفصیلات کے مطابق حیسکو آپریشن سرکل حیدرآباد میں عقیل نور میمن کی ہدایت پر ڈویزن حسین آباد، چمبڑ اور سٹیزن سب ڈویزن کے دوران کارروائیوں کے دوران 87 غیر قانونی کنکشن منقطع، 575 غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 18 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، حیسکو آپریشن سرکل میرپور خاص فرمان علی ڈاہانی کی ہدایت پر سب ڈویزن ڈگری سب ڈویزن میں کارروائیوں کے دوران 16 غیر قانونی کنکشن منقطع، 200 غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 12 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، حیسکو آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ کی ہدایت پر سب ڈویزن الیاس آباد سب ڈویزن میں کارروائیوں کے دوران 55 غیر قانونی کنکشن منقطع، 3 میٹر پی وی سی قبضے میں لے لی گئی، 90 غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 13 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، حیسکو آپریشن سرکل نواب شاہ گلزار احمد دستی کی ہدایت پر سب ڈویزن ٹنڈو آدم-2 اور اوڈیرو لال سب ڈویزن میں کارروائیوں کے دوران 21 غیر قانونی کنکشن منقطع، 175 غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 14 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، واضح رہے کہ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات پر نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں واجبات کی 100 فیصد وصولی یقینی بنائیں اور صارفین اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری ادا کریں بصورت دیگر بجلی منقطع کی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے صارف کی گرفتاری عمل میں لائے جائے گی اور بجلی چوری کرنے والا ملک وقوم کا مجرم ہے لہٰذا کسی بھی صورت نہیں چھوڑا جائے گا، اس کے ساتھ ساتھ مختلف سب ڈویزنوں نے اپنے اپنے علاقوں میں بلوں کی ادائیگی کے لیے اعلانات کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا ہے، حیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کروائیں اور اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری طور پر ادا کریں بصورت دیگر رینجرز، پولیس اور حساس ادارے اس صارف کو پکڑے گے تو وہ خود اس ذمیدار ہوگا ہماری کاروائیاں بلاتفریق جاری ہیں اور بجلی چوری کے خاتمے تک جاری رہیں گے، بجلی چور ملک، قوم اور حیسکو کی ترقی میں رکاوٹ ہیں، عوام کھلی کچہریوں میں بھرپور آئیں اور اپنے جائز مسائل حل کرائیں، اسکے ساتھ عوام کو چاہیے کہ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کی جائے تاکہ بجلی کی فراہمی میسر ہو سکے، بصورت دیگر بجلی منقطع کرنے کے علاوہ سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ عوام بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف حیسکو کا ساتھ دیں تاکہ اس برائی کو مکمل ختم کیا جا سکے، بجلی کے بل بروقت ادا کریں تاکہ حیسکو آپ کو مزید بجلی کی بہتر سروس فراہم کر سکے، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے، جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلا سکتا۔ آپ کے تعاون کے متمنی حیسکو۔











چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنے کے سلسلے میں حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکو سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر میں کارروائیاں جاری